سبق..12

نینی تال

ہندستان کے پہاڑی مقامات میں ریاست اُترانچل کا نینی تال آب وہوا اور خوب صورتی کے لحاظ سے خاص حیثیت رکھتا ہے اور ہم اِس کو دنیا کے بہترین پہاڑی مقامات کے مقابلے میں لا سکتے ہیں۔ یہاں کی بہترین، صحت بخش اور خوشگوار آب وہوا، حیرت انگیز مناظر، تفریح گاہیں اور آمدورفت کی سہولتیں لوگوں کو اپنی طرف کھینچتی ہیں۔

نینی تال، کاٹھ گودام اسٹیشن سے بائیس میل کے فاصلے پر واقع ہے جہاں دہلی، رامپور، لکھنؤ، بریلی، آگرہ اور کولکاتا سے سیدھی ٹرینیں آتی ہیں۔ کاٹھ گودام سے نینی تال جانے کے لئے بسیں ملتی ہیں،

جو پہاڑی سڑک کو پار کرتی ہوئی نینی تال پہنچتی ہیں۔ اس سڑک کا شمار دنیا کی بہترین سڑکوں میں ہوتا ہے۔ یہ سڑک پہاڑوں کو کاٹ کر اس طرح بنائی گئی ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک سانپ

لہراتا ہوا نیچے سے اوپر چڑھتا چلا جاتا ہے۔

نینی تال کی دریافت 1841ء میں پی بیرن نامی ایک تاجر نے کی تھی، جو یوپی کے شاہ جہاں پور ضلع میں تجارت کرتا تھا۔شروع میں نینی تال کے پہاڑوں پر درختوں کا ایک وسیع جنگل تھا۔1843ء سے یہاں لوگ آکر رہنے لگے اور رفتہ رفتہ مکانوں کی تعمیر شروع ہوئی۔

یہاں دو پہاڑ ہیں، جن کے درمیان خوبصورت سا تالاب ہے، جس کو ایک میل لمبی سڑک مال روڈ، چاروں طرف سے گھیرے ہوئی ہے۔تالاب کے جنوب میں واقع پہاڑ کا نام ''ایار پھاٹا'' ہے اور شمالی سَمت کے پہاڑ کو ''چینا'' کہتے ہیں۔چینا کی چوٹی تفریح کی خاص جگہ ہے۔ یہاں مَطلع صاف ہونے پر، ہمالیہ کی برف سے ڈھکی ہوئی چوٹیاں صاف نظر آتی ہیں۔ نینی تال سے صرف سات میل کی دوری پر ''بھوالی'' واقع ہے۔جس کی اونچائی سطح سمندر سے 5600فٹ بلند ہے۔''بھوالی''تپ دق کی سَینی ٹورِیم کے لئے مشہور ہے اور پورے شمالی ہندستان میں تپ دق کے علاج کی سب سے موزوں جگہ ہے۔ یہاں سے ہمالیہ کے بہترین اور مشہور پھلوں کی بھی برآمدگی ہوتی ہے۔بھوالی کے قریب ہی ''گھوڑا کھال'' کا مشہور فوجی اسکول بھی ہے۔

کاٹھ گودام سے تیس میل دور اور نینی تال سے چودہ میل کے فاصلے پر خوبصورت جھیل ''بھیم تال'' ہے، جو نینی تال کی خوبصورت پہاڑی جھیلوں میں دوسرے نمبر پر ہے۔ یہاں سے ڈھائی میل کی دوری پر ''نوکونوں کا تال'' ہے،لوٹس اور سرخ آبی للّی کے پھولوں سے گھرا رہتا ہے اور مچھلی کے شکار کی بہترین جگہ ہے۔

نینی تال سے گیارہ میل اور بھیم تال سے دو میل کی دوری پر سات خوب صورت جھیلیں ہیں، جن کو عموماً تال کہتے ہیں۔ان میں سے نل دمینتی تال، رام تال،لکشمی تال اور سُکھ تال زیادہ مشہور ہیں۔

نینی تال جون، ستمبر اور اکتوبر میں سیاحوں سے بھر جاتا ہے اِس کے بعد یہاں سے لوگوں کے چلے جانے پر ایک دم اجاڑ سا ہو جاتا ہے۔ یہاں دو بازار بھی ہیں مَلّی تال اور تلّی تال ۔مَلّی تال کی دکانیں انگریزی طرز کی ہیں اور تلّی تال جو بس اسٹینڈ کے پاس ہے چھوٹا ہے اور یہاں ترکاری گوشت اور اناج وغیرہ کی دکانیں ہیں۔

اگر آپ نینی تال محض تفریح کیلئے جائیں تو یقیناً آپ کی تفریح کا کافی سامان وہاں موجود ہے۔ جھیل کے کنارے میونسپل لائبریری ہے، جو آپ کو عمدہ عمدہ کتابیں فراہم کرتی ہے۔ جھیل کی کشتیوں پر بیٹھ کر ان کو ادھر اُدھر دوڑانا اور جھیل میں تیرنا ایک خاص تفریح ہے۔ جھیل کی چاروں طرف سڑک پر گھوڑے کی سواری ایک خاص لطف دیتی ہے۔ جھیل ہی سے متصل "فلیٹ" نام کا ایک چھوٹا سا میدان نینی تال کا ایک خاص مقام ہے جہاں کھیل کود سے دلچسپی رکھنے والے شام کو اکٹھا ہوتے ہیں۔ یہاں ہر روز ہاکی، فٹ بال وغیرہ کے میچ ہوا کرتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ نینی تال میں ٹینس کھیلنا پسند کرتے ہیں۔

نینی تال اپنی دل کشی اور خوب صورتی کے اعتبار سے ایک خاص حیثیت رکھتا ہے اور ہندستان کا کوئی بھی پہاڑی مقام اِس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اسی لئے نینی تال کو "پہاڑوں کی ملکہ" کہا جاتا ہے۔

☆ ماخوذ

مشق

معنی یاد کیجیے:

مقام	—	جگہ
منظر	—	سماں
ملکہ	—	رانی
سیّاح	—	جگہ جگہ کی سیر کرنے والا
حیثیت	—	رُتبہ، مرتبہ
برآمد ہونا	—	باہر آنا، مال کی نکاسی
دریافت کرنا	—	پتہ چلانا، ڈھونڈنا
شمار	—	گنتی
موزوں	—	مناسب
تاجر	—	تجارت کرنے والا

سوچیے اور جواب بتائیے:

1۔ نینی تال کیوں مشہور ہے؟

2۔ نینی تال کو پہاڑوں کی ملکہ کیوں کہا جاتا ہے؟

3۔ نینی تال کی آب وہوا خوش گوار کیوں ہے؟

ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

تفریح،　مقام،　تجارت،　آب وہوا،　آمدورفت،

دیئے ہوئے الفاظ سے جمع بنایئے:

فاصلہ،　تاجر،　تفریح،　پہاڑی،　مقام،　مقابلہ

ان سوالات کے جواب دیجیے:

1۔ نینی تال کی دریافت کس نے کی تھی؟

2۔ نینی تال کن کن مہینوں میں سیاحوں سے بھرا رہتا ہے؟

3۔ نینی تال کس ریاست میں ہے؟

4۔ ''بھوالی'' نینی تال سے کتنی دوری پر واقع ہے؟

خالی جگہوں کو دیئے ہوئے الفاظ سے بھریئے:

۱۔ نینی تال کاٹھ گودام سے........میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

(بائیس، پچیس)

۲۔ نینی تال جون، ستمبر اور اکتوبر میں............سے بھر جاتا ہے۔

(سیاحوں، انسانوں)

۳۔ زیادہ تر لوگ نینی تال میں.........کھیلنا پسند کرتے ہیں۔

(کرکٹ، ٹینس)

۴۔ ہم اس کو دنیا کے بہترین..............کے مقابلے میں لا سکتے ہیں۔

(مقامات، خیالات)

غور کیجیے:

آپ نے اس سبق میں ہندستان کے ایک خوبصورت پہاڑی مقام کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ پہاڑی مقام صرف تفریح کے لئے ہی اہم نہیں ہوتے ہیں بلکہ یہاں کی آب وہوا صحت بخش اور خوش گوار بھی ہوتی ہے۔ نینی تال بہترین پھولوں، سینی ٹوریم اور فوجی اسکول کے لئے بھی مشہور ہے۔

عملی سرگرمی:

☆ اگر آپ نے کسی پہاڑی مقام کی سیر کی ہو تو اس کا حال دس سطروں میں لکھئے اور اگر نہیں گئے ہیں تو اپنے استاد/ والد یا گھر کے کسی بڑے آدمی سے کسی پہاڑی مقام کا حال معلوم کر کے لکھیے!